عرس شیڈول برائے سال 25-2024 اور معلومات برائے زیارات (ہندوستان)

عرس کا نام	مقام	قمری تاریخ	عرس کا دورانیہ	درخواست دینے کی تاریخ
حضرت مجدد الف ثانیؒ	سرہند شریف	26-28 صفر 1446	29 اگست تا 04 ستمبر 2024	20 فروری سے 29 فروری 2024 تک
حضرت خواجہ علاؤالدین علی احمد صابرؒ	کلیر شریف	13 ربیع الاول 1446	14 ستمبر تا 20 ستمبر 2024	05 مارچ سے 20 مارچ 2024 تک
حضرت حافظ عبداللہ شاہؒ	آگرہ	4 ربیع الثانی 1446	05 اکتوبر تا 11 اکتوبر 2024	15 اپریل سے 30 اپریل 2024 تک
حضرت خواجہ نظام الدین اولیاءؒ	دہلی	16 ربیع الثانی 1446	17 اکتوبر تا 24 اکتوبر 2024	25 مارچ سے 10 اپریل 2024 تک
حضرت خواجہ معین الدین چشتیؒ	اجمیر شریف	06 رجب 1446	04 تا 14 جنوری 2025	یکم اگست سے 15 اگست 2024 تک
حضرت امیر خُسروؒ	دہلی	16-20 شوال 1446	12 اپریل تا 18 اپریل 2025	25 اکتوبر سے 10 نومبر 2024 تک

۱۔ نئے درخواست فارم وزارت مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی کی ویب سائیٹس **www.hajjinfo.org and mora.gov.pk** سے حاصل کیے جاسکتے ہیں۔

۲۔ درخواست فارم درخواست دینے کی آخری تاریخ تک وزارت ھذا میں پہنچ جانا چاہیے۔ مقررہ تاریخ کے بعد موصول ہونے والے درخواست فارم پر غور نہیں کیا جاتا کیونکہ وزارت ہذا اور دوسرے متعلقہ محکموں کے درمیان طے شدہ طریقہ کار کے مطابق زائرین کی سیکورٹی کلیئرنس کے لیئے دو ماہ کا عرصہ درکار ہوتا ہے۔

۳۔ درخواست فارم کے ساتھ ناقابل واپسی آن لائن فیس -/1,000 روپے کسی بھی نیشنل بینک سے نیشنل بینک مین برانچ (0341) سوک سینٹر اسلام آباد وزارت مذہبی آمور و بین المذہب ہم آہنگی **(Ministry of Religious Affairs and Interfaith Harmony)** کے **اکاؤنٹ نمبر 3035053332** میں جمع کروائیں۔ جمع شدہ اصل رسید درخواست فارم کے ساتھ لف کریں رسید کی فوٹو کاپی قابل قبول نہ ہو گی۔

۴۔ قرعہ اندازی سے تقریباً ایک ماہ بعد صرف کامیاب زائرین کو بذریعہ خط اطلاع دی جاتی ہے اور اُن سے ضروری اخراجات اور سفری کاغذات طلب کئے جاتے ہیں۔

۵۔ اصل پاسپورٹ اور دوسرے کاغذات تین مہینے پہلے طلب کئے جاتے ہیں۔ اگر پاسپورٹ 1 سال سے کم معیاد تک کے لئے کار آمد ہو تو اُس پر سفارتخانہ ویزہ کا اجرا نہیں کرتا۔ اس صورت میں اپنے پاسپورٹ کی تجدید بروقت کروالیں۔

۶۔ سفارت خانہ ہند ویزہ فارم ONLINE قبول کرتا ہے۔ ویزہ فارم کو پُر کرنے سے پہلے اس ویب سائیٹ پر موجود ہدایات کو غور سے پڑھ لیں۔ ویب سائیٹ **www.india.org.pk** سے پاکستانی شہری فارم ڈاؤن لوڈ کریں پھر آن لائن پُر کر کے SUBMIT کریں تو اس فارم پر جلی حروف میں کنٹرول نمبر ظاہر ہوتا ہے پھر اس File کو Save کر کے اُس کی تین (3) کاپیاں نکال لیں۔ اُن پر اصل تصویر چسپاں کریں اور دونوں صفحوں پر دستخط کر کے وزارت کو دوسرے سفری کاغذات کے ساتھ ارسال کریں۔